20968- نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خط لکھنے والے کاتب کون تھے ؟

سوال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خط لکھنے والے کون تھے ؟

پسندیدہ جواب

حافظ ابن قیم رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے کہ :

سیرت نگاروں نے ان صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کے نام ذکر کیے ہیں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتب تھے اور وحی اور خطوط وغیرہ لکھا کرتے تھے ان میں مندرجہ ذیل صحابہ شامل ہیں :

ابو بکر الصدیق ، عمر بن الخطاب ، عثمان بن عفان ، علی بن ابی طالب ، زبیر بن العوام ، عامر بن فھیرہ ، عمرو بن العاص ، ابی بن کعب ، عبداللہ بن الارقم ، ثابت بن قیس بن شماس ، حنظلہ بن الربیع الاسدی ، مغیرہ بن شعبہ ، عبداللہ بن رواحہ ، خالد بن الولید ، خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ تعالی عنھم ۔

کہا جاتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سب سے اول لکھنے والے معاویہ بن ابی سفیان اور زید بن ثابت رضی اللہ تعالی عنھم تو یہ ان میں سے خصوصی شان رکھتے تھے ۔ اھ

دیکھیں زادالمعاد (117/1) ۔

ابن مفلح حنبلی کا کہنا ہے :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کاتبوں کی ایک جماعت تھی جن میں ابی بن کعب ، زید بن ثابت ، علی ، عثمان ، حنظلہ اسدی ، معاویہ ، اور عبداللہ بن ارقم رضی اللہ تعالی عنھم شامل ہیں ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوط اور جوابات لکھنے والے مستقل کاتب وہی تھے جنہوں نے مکمل وحی کی بھی کتابت کی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا تھا کہ وہ سریانی لکھنی پڑھنی سیکھیں تاکہ اس زبان میں لکھے جانے والے رسائل اور خطوط کے جوابات اسی زبان میں دیے جاسکیں ، توانہوں نے سریانی اٹھارہ یوم میں سیکھی لی تھی ۔ دیکھیں : الآداب الشرعیۃ (161/2) ۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

قضاعی کا کہنا ہے : نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے بادشاہوں کے لیے خطوط لکھنے والے زید بن ثابت رضی اللہ تعالی عنہ تھے ، اوراس کے ساتھ ساتھ وہ وحی بھی لکھا کرتے تھے ، اور زبیر اور جھم رضی اللہ تعالی عنھم صدقات کے اموال لکھا کرتے تھے ۔ دیکھیں : التلخیص الجبیر (4/346-347) ۔

واللہ اعلم .